Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

نیویارک ریاست امتحانی پروگرام
فنون انگریزی زبان امتحان

فنون انگریزی زبان (ELA) سمجھنا
انفرادی طالبانہ رپورٹ

ہر سال نیویارک ریاست تمام تر ریاست میں گریڈ 3 تا 8 کے طلبا کے لیے فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضیات میں امتحانات منعقد کرتی ہے- وفاقی اور ریاستی احکامات کی تکمیل کے علاوہ، یہ مشترکہ بنیادی معیارات سے ہم آہنگ امتحانات طلبا اور اسکولوں کے لیے سال بہ سال کی پیش رفت کی پیمائش کرنے میں مدد کرتے ہیں- اہل خانہ اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (https://www.mystudent.nyc) کے ذریعے یا اپنے بچے کے اسکول سے انفرادی طالبانہ رپورٹ (ISR) کی درخواست کرکے ان امتحانات پر طلبا کے نتائج تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں- یہ دستاویز ایک گریڈ 3 کے ISR کو مثال بنا کر اسکور رپورٹ کے حصوں کی وضاحت کرتا ہے-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

صفحہ 1: طالبانہ نتائج کا خلاصہ

کارکردگی کی سطح نیویارک ریاست امتحان پر کارکردگی کی سطح 4, 3, 2 اور 1 کو اسکیل اسکور کے لیے تفویض کرتی ہے- طلبا اپنے انکے اسکیل اسکور پر منحصر (ذیل میں چارٹ ملاحظ کریں)، امتحان پر سطح 4 سے سطح 1 تک کا اسکور حاصل کرسکتے ہیں- چار کارکردگی کی سطوح کی میں سے ہر ایک کی توضیحات کے لیے اس صفحے کا نچلا حصہ ملاحظ کریں- آپکے حوالے کے لیے، آپکے بچے کی 2014 فنون انگریزی زبان کارکردگی کی سطح ذیل ہے X 2	1 **نیویارک ریاست سطح 3** ماہر
مہارت کی درجہ بندی مہارت کی درجہ بندی یہ دکھاتی ہے کہ کوئی طالب علم ایک مخصوص کارکردگی کی سطح کے اندر کس درجے پر ہے- درجہ بندی کے مدارج 1.0 سے 4.5 تک ہیں-	3 **3.3**
اسکیل اسکور امتحان پر طلبا کی کارکردگی کی مجموعی اسکیل اسکور میں تشریح کی جاتی ہے- اسکیل اسکور کا دائرہ کار 147-429 ہے- نیویارک ریاست انگریزی فنون زبان گریڈ 3 اسکیل اسکور دائرہ کار سطح 4: 358 – 429 سطح 3: 320 – 357 سطح 2: 291 – 319 سطح 1: 147 – 290	4 **326**
نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار صدویہ دائرہ کار کو چوتھائیوں میں ظاہر کیا جاتا ہے؛ یہ دکھاتا ہے کہ آیا آپکے بچے کی گریڈ سطح اور اس امتحان پر نیویارک شہر کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی نچلے 25% یعنی (0-25%)، 26% اور 50% کے بیچ، 51% اور 75% کے بیچ، یا چوٹی کے 25% یعنی (76-100%) کے بیچ ہے-	5 76-100%
مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار مذکورہ بالا کی طرح، ماسوا کہ یہ دائرہ کار آپکے بچے کی گریڈ سطح اور اس امتحان پر **نیویارک ریاست** کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی ظاہر کرتا ہے-	6 76-100%

1 کارکردگی کی سطح

طلبا کو انکے امتحان پر حاصل کیے گئے اسکیل اسکور کی بنیاد پر ایک کارکردگی کی سطح تفویض کی جاتی ہے- کارکردگی کی چار ممکنہ سطوح موجود ہیں: نیویارک ریاست سطح 4 (**مہارت سے متجاوز**)، نیویارک ریاست سطح 3 (مہارت)، نیویارک ریاست سطح 2 (**مہارت سے نیچے**)، نیویارک ریاست سطح 1 (**مہارت سے بہت نیچے**)- ہر ایک کارکردگی کی سطح کی مکمل توضیح کے لیے براہ کرم انفرادی طالبانہ رپورٹ پر صفحہ 1 کا نچلا حصہ دیکھیں- ہر ایک کارکردگی کی سطح کے لیے طلبا کی عمومی صلاحیتیوں، علم اور طریق کار کی تفصیلی توضیح کے لیے برائے مہربانی ملاحظ کریں:
http://www.engageny.org/resource/performance-level-descriptions-for-ela-and-mathematics

2 2014 کارکردگی کی سطح

اگر آپکے بچے کی 2014 کے امتحان کے انعقاد سے کوئی کارکردگی کی سطح ہے تو وہ اسکور یہاں درج ہوگا- اگر نہیں، تو یہ نوٹ کیا جائے گا کہ کوئی اسکور دستیاب نہیں اور اگر والدین کے خیال میں یہ معلومات غلط ہیں تو انہیں اسکول سے رجوع کرنے کی ہدایات دی جائے گی-

3 مہارت کی درجہ بندی

مہارت کی درجہ بندی، جس کا دائرہ کار 1.0-4.5 ہوسکتا ہے، یہ ظاہر کرتی ہے کہ ایک طالب علم ایک مخصوص کارکردگی کی سطح میں کس درجے پر ہے- مثال کے طور پر، 2.5 کی مہارت کی درجہ بندی یہ ظاہر کرتی ہے کہ طالب علم نے کارکردگی کی سطح 2 حاصل کی ہے بمع ایسا اسکیل اسکور جو کمترین کارکردگی کی سطح 2 اور کمترین کارکردگی کی سطح 3 کے نصف فاصلے پر ہے- کارکردگی کی سطح 4 کے لیے، اعلیٰ ترین ممکنہ مہارت کی درجہ بندی 4.5 ہے-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

4

اسکیل اسکور

اسکیل اسکور کا تعین ان پوئنٹس کی تعداد پر ہے جسے طالب علم نے امتحان پر حاصل کیا ہو- اسکیل اسکور کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ اگرچہ ہر سال امتحان دینے والے طلبا تبدیل ہوتے ہیں اور امتحانات خود بھی تبدیل ہوتے ہیں، امتحان کے نتائج کا معنی سال بہ سال ایک ہی ہو- آپکا بچہ جتنے زیادہ تعداد میں پوئنٹس حاصل کرتا ہے، اسکا اسکیل اسکور اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے- اسکیل اسکور سب سے زیادہ پرمعنی اس وقت ہوتے ہیں جب انہیں کارکردگی کی سطح سے جوڑا جائے- ذیلی خاکہ ہر ایک گریڈ کے لیے اسکیل اسکور کا دائرہ کار فراہم کرتا ہے، اور ساتھ ساتھ وہ اسکیل اسکور جو آپکے بچے کو اسکی گریڈ سطح کی کارکردگی کی توقعات کی تکمیل کرنے اور کالج اور طرزمعاش کی راہ پر ہونے کے لیے درکار ہے-

تمام تر گریڈز میں اسکیل اسکورز کا دائرہ کار اور مہارت کی سطح

گریڈ						
	3	4	5	6	7	8
اسکیل اسکور کا دائرہ کار	147–429	138–423	97–413	117–421	98–414	100–412
اس قدر سے زیادہ یا اسکے برابر کے اسکیل اسکور ماہر ہیں (کارکردگی کی سطوح 3 اور 4)	320	320	320	320	318	316

5

نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار

نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار یہ ظاہر کرتا ہے کہ نیویارک کے پبلک اسکولوں میں اسی گریڈ سطح پر اور موضوعاتی شعبے میں امتحان دینے والے دیگر طلبا کے مقابلے میں کسی طالب علم کی امتحان کی کارکردگی کیسی تھی- صدویہ درجے کو چوتھائی میں عیاں کیا جاتا ہے- اسکا مطلب ہے کہ وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اسی گریڈ سطح اور موضوعاتی شعبے میں نیویارک شہر کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی نچلے 25% یعنی (0-25%)، 26% اور 50% کے بیچ، 51% اور 75% کے بیچ، یا چوٹی کے 25% یعنی (76-100%) کے بیچ ہے- مثال کے طور پر اگر آپکے بچے نے تیسرے شہرپیما چوتھائیے (51% - 75%) کا اسکور حاصل کیا ہے تو اسکا مطلب ہے کہ اس نے نیویارک شہر کے 51% اور 75% طلبا کے جیسے اسکور یا انسے زیادہ اسکور حاصل کیا ہے-

6

مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار

مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار یہ ظاہر کرتا ہے کہ تمام تر نیویارک ریاست میں اسی گریڈ سطح پر اور موضوعاتی شعبے میں امتحان دینے والے دیگر طلبا کے مقابلے میں کسی طالب علم کی امتحان کی کارکردگی کیسی تھی- ان معلومات کی چوتھائیے میں نمائش کی جاتی ہے- ان چوتھائیوں کے متعلق اضافی معلومات کے لیے براہ کرم نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار کی توضیح ملاحظ کریں-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

صفحہ 2: اضافی معلومات

ایک گریڈ 3 اسکور رپورٹ کو نمونے کے طور پر پیش کیا گیا ہے- چونکہ ELA تشخیص پر تمام گریڈز کے لیے اسکور رپورٹس ایک جیسی معلومات کی پیش کش کرتی ہیں، ان تشریحات کا اطلاق گریڈز 3 تا 8 پر ہوتا ہے-

آپکے بچے کی کارکردگی کے متعلق اضافی معلومات

	آپکے بچے کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹس	ممکنہ پوائنٹس کی تعداد	تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوائنٹس
مطالعہ (7)	20 (8)	31 (9)	17 (10)
وسائل سے تحریر کرنا (7)	17 (11)	24 (12)	12 (13)

مطالعہ

طلبا گریڈ سطح متن میں موجود کلیدی خیالات اور تفصیلات کو سمجھتے ہیں، اسکی شناخت کرتے ہیں کہ تفصیلات کہانی کے فروغ کو کیسی اعانت فراہم کرتی ہیں، اور کرداروں کی وضاحت کرتے اور خیلات اور واقعات میں رابطہ جوڑتے ہیں-
طلبا متن میں استعمال شدہ الفاظ و فقروں کے معنی بھی تعین کرتے ہیں، یہ سمجھتے ہیں کہ متن کو کیسے منظم کیا گیا ہے، اور نقطہء نظر کی شناخت کرتے ہیں-
علاوہ، طلبا متن میں حوالے دیے گئے علم اور خیالات کو متن کے حصوں کے بیچ تصاویر اور منطقی رابطے کے ذریعے ہم آہنگ کرتے ہیں-

وسائل سے تحریر کرنا

طلبا گریڈ سطح کے متن کا مطالعہ کرتے ہیں اور ایسے بیانات پیش کرتے ہیں جنہیں وہ تفصیلات سے اعانت فراہم کرتے ہیں-
طلبا کرداروں کے متعلق تحریر کرتے ہیں، اور اسکی وضاحت کرتے ہیں کہ وہ آپس میں اور متن سے کیسے تعلق جوڑتے ہیں-
طلبا متن کے واقعات اور افعال کا تجزیہ کرتے ہیں، متن کے پہلووں پر زبان کی اثر پذیری کا تعین کرتے ہیں، اور کہانی کے عناصر کی اہمیت کی وضاحت کرتے ہیں-
طلبا گریڈ سطح کے انگریزی کے قواعد زبان اور استعمال کا مظاہرہ کرنے والی منطقی تحریر تخلیق کرکے اپنے فہم کی خبر دیتے ہیں-

7

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

7 مطالعہ اور وسائل سے تحریر ذیلی اسکورز

ذیلی اسکورز امتحانات پر مماثل یا متعلقہ علم یا صلاحیتوں کی پیمائش کرنے والےسوالات کے گروہوں پر حاصل کردہ پوئنٹس کی بنیاد پر شمار کیے جاتے ہیں- ذیلی اسکورز آپکے بچے کی کارکردگی کے متعلق اضافی **معلومات** فراہم کرتے ہیں- ELA امتحان کے پوئنٹس کو **مطالعہ** اور **وسائل سے تحریر** میں تقسیم کیا جاتا ہے- مطالعے کا ذیلی اسکور مطالعے کی پیمائش کرنے والے کثیر انتخابی سوالات پر آپکے بچے کی کارکردگی کا عمومی اندازہ فراہم کرتا ہے- یہ مطالعے کے سوالات **مطالعے** اور لسانی رواج دونوں میں تدریسی معیارات کی پیمائش کرتے ہیں- **وسائل سے تحریر** ذیلی اسکور ان پوئنٹس پر مبنی ہے جو آپکے طالب علم نے مختصر (2 پوئنٹس) اور تفصیلی (4 پوئنٹس) تحریری سوالات پر حاصل کیے ہوں- وسائل سے تحریر کے سوالات، تحریر، مطالعے، اور لسانی رواج میں تدریسی معیارات کی پیمائش کرتے ہیں-

8 مطالعہ کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس

مطالعے کے لیے آپکے بچے کے **حاصل کردہ پوئنٹس** ان پوئنٹس کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جنھیں آپکے بچے نے مطالعے کی پیمائش کرنے والے سولات پر حاصل کیا ہو- آپکا بچہ ہر اس سوال کے لیے ایک پوئنٹ حاصل کرے گا جسکا اس نے درست جواب دیا ہو- مثال کے طور پر اگر آپکے بچے نے مطالعے کی پیمائش کرنے والے 20 سولات کا درست جواب دیا ہو، تو **مطالعے کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** کے لیے اسکا اسکور 20 ہوگا-

9 مطالعے کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد

مطالعے کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد، مطالعے کی پیمائش کرنے والے ان **کل** پوئنٹس کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جنھیں کسی مخصوص امتحان میں حاصل کرنا ممکن ہو- اس نمبر کا **مطالعہ کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** سے موازانہ کیا جاتا ہے- مثال کے طور پر، اگر **مطالعے کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد** 31 ہے، اور آپکے بچے نے 20 سولات کا درست جواب دیا ہو (**مطالعے کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** کے لیے اسکا اسکور 20 ہے)، تو اس نے 31 مطالعے کے سوالات میں سے 11 کا غیر درست جواب دیا ہے-

10 مطالعے کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس

مطالعے کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ **اوسط** پوئنٹس، ان اوسط پوئنٹس کی تعداد کی رپورٹ فراہم کرتا ہے جنہیں تمام تر نیویارک ریاست کے طلبا نے حاصل کیا ہو- اس نمبر کو آپکے بچے کی کارکردگی کو تمام تر ریاست کے دیگر طلبا کی کارکردگی سے موازنہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جنھوں نے کسی مخصوص گریڈ میں ELA امتحان دیا ہو- مثال کے طور پر، اگر آپکے بچے نے مطالعے پر 20 پوئنٹس حاصل کیے ہیں، تو اس نے ریاست کے ایک عام گریڈ 3 کے طالب علم کے مقابلے میں تین زیادہ مطالعے کے سوالوں کا جواب درست دیا ہے چونکہ اس گریڈ میں مطالعے میں **تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس** 17 ہیں- براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ ممکن ہے کہ مطالعے میں اوسط سے زائد پوئنٹس حاصل کرنے کے باوجود پھر بھی ماہر نہ سمجھا جائے-

11 وسائل سے تحریر کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس

وسائل سے تحریر کے لیے آپکے بچے کے **حاصل کردہ پوئنٹس**، وسائل کے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات پر حاصل کیے گئے پوئنٹس کی کل تعداد کی نمائندگی کرتا ہے- وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات میں دو قسم کے ترتیب دیے گئے جواب کے سوالات شامل ہیں: مختصر جواب (زیادہ سے زیادہ 2 پوئنٹس) اور تفصیلی جواب (زیادہ سے زیادہ 4 پوئنٹس)- اساتذہ ان سوالات کے لیے ہر ایک طالب علم کے جوابات کی درجہ بندی کرتے ہیں-

12 وسائل سے تحریر کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد

وسائل سے تحریر کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد، ان **کل** پوئنٹس کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جو ایک طالب علم کسی مخصوص امتحان میں وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات کے لیے حاصل کرسکتا ہو- اس نمبر کا **وسائل سے تحریر کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** سے موازانہ کیا جاتا ہے- مثال کے طور پر اگر آپکے بچے نے وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات پر 17 پوئنٹس حاصل کیے ہیں، اور وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات کے لیے 24 ممکنہ پوئنٹس ہیں، تو اس نے 7 ممکنہ پوئنٹس حاصل نہیں کیے- ہو سکتا ہے یہ پوئنٹس آپکے بچے کی تحریری جوابات کی تکمیل اور / یا ثبوت سے اعانت کی حد کی وجہ سے نہ دیے گئے ہوں-

13 وسائل سے تحریر کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس

وسائل سے تحریر کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس ان اوسط پوئنٹس کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جنھیں تمام تر نیویارک ریاست کے طلبا نے وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات پر حاصل کیا ہو- اس نمبر کو آپکے بچے کی کارکردگی کو تمام تر ریاست کے دیگر طلبا کی کارکردگی سے موازنہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جنھوں نے کسی مخصوص گریڈ میں ELA امتحان دیا ہو- مثال کے طور پر، اگر آپکے بچے نے وسائل سے تحریر کی پیمائش کرنے والے سوالات پر 17 پوئنٹس حاصل کیے ہیں، تو اس نے ریاست کے ایک عام گریڈ 3 کے طالب علم کے مقابلے میں پانچ زیادہ وسائل سے تحریر پوئنٹس حاصل کیے ہیں، چونکہ اس گریڈ میں وسائل سے تحریر کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس 12 ہیں- براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ ممکن ہے کہ وسائل سے تحریر میں اوسط سے زائد پوئنٹس حاصل کرنے کے باوجود پھر بھی ماہر نہ سمجھا جائے-